02/05/2026 07.40 / PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔خبروں کا بلیٹن لےکر مینسنجیو کمار

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائینز

*....... کل سرینگر میں منعقد ہونے والی منشیات مخالف پد یاترا کےلئے تمام تیاریاں مکمل// ایل جی کی اس پد یاترا میں بڑھ چڑھ کر شرکت کرنے کی سماج کے تمام طبقوں سے اپیل۔

*.......ڈرگ سمگلروں کے خلاف کارروائی شدو مد سے جاری// کئی ڈرگ سمگلر گرفتار// واگہامہ بجبہاڑ میں سجاد راتھر نامی ڈرگ سمگلر کی ایک کروڑ روپے مالیت کی جائیداد منہدم۔

*....... جموں اور سرینگرکے درمیان وندے بھارت ایکسپریس کابا ضابط طور سے آغاز۔

اور

*....... نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے جموں میں در دست لئے گئے ترقیاتی کاموں کی بر وقت تکمیل پر دیا زور۔

پد یاترا

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ جموں و کشمیر میں نوجوانوں کا منشیات کی بدعت میں ملوث ہونا ایک تشویش کی بات ہے ۔انہوں نے کہا کہ اگر چہ انتظامیہ2021سے جموں کشمیر سے منشیات کے خاتمے کیلئے منظم طریقے پر کام کرتی آرہی ہے تاہم اس مہم نے اب ایک تحریک کی شکل اختیار کی ہے ۔ سرینگر میں ایک نیوز ایجنسی کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ دہشت پسندی اور منشیات ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوئے ہیں اور اس کی سپلائی چین کی با ز آباد کاری اور علاج و Addicts توڑنے ، لوگوں میں بیداری پیدا کرنے اور ڈرگ معالجے کیلئے خاطر خواہ اقدامات کئے جا رہے ہیں ۔ انہوں نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ کل فٹ بال اسٹیڈیم ٹی آر سی سرینگر سے منعقد ہونے والی پد یاترا میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔

...............LG...............

انتظامات

دریں اثنا کل سرینگر میں منعقد ہونے والی ایک بڑی پد یاترا کے سلسلے میں تمام انتظامات مکمل کئے گئے ہیں۔ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا فٹ بال گراؤنڈ TRC سرینگر سے اس یاترا کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے تمام ڈپٹی کمشنروں اور مختلف محکموں کے سربراہوں کو ہدایت دی کہ وہ صبح ساڑھے سات بجے تک تمام شرکاءکی حاضری کو یقینی بنائیں۔

ٹریفک پولیس کے یاترا کے پس منظر میں ایک تفصیلی ایڈوائزری جاری کی ہے اور لوگوں سے کہاگیا کہ وہ اس ایڈوائزری پر سختی سے عمل کریں ۔

سرینگرDC

ادھر سرینگر کے ضلع ترقیاتی کمشنر اکشے لابرو نے سرینگر میں میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا کہ منشیات کی بدعت میں ملوث قصور واروں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوننے سماج کے سبھی طبقوں پر زور دیا کہ وہ کل منعقد ہونے والی پد یاترا میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے کر منشیات کے خلاف ایک واضع پیغام دیں۔

--------DC Sgr.-------

نشہ

جموں کشمیر کو منشیات کی بدعت سے پاک کرنے کے لئے سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شد و مد سے جاری ہیںلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا پیغام

----(DRUGS)--LG-----

نوجوانوں کو اس بری عادت سے دور رکھنے کیلئے درکا اقدامات کے بار ے میں ایک سماجی کارکن محمد گلزارنے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

----Mohd Gulzar---

درخشاں اندرابی

سینئر بی جے پی لیڈر اور وقف بورڈ کی چیرپرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی راجپورہ پلوامہ نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت ایک جلسے سے خطاب کیا۔ اس موقعے پر انہوننے کہا کہ پورے سماج کے نوجوانوں کو منشیات سے دور رکھنے میں ہمیں اپنا کلیدی رول ادا کرنا چاہئے۔

انہوننے کہا کہ زمینی سطح پر بیداری پیدا کرنے سے اس بدعت کا قلع قمع کیا جاتا ہے۔

تقریب سے بی جے پی جمونو کشمیر کے جنرل سیکریٹری آر گنائزیشن اشوک کول ، بی جے پی جمونوکشمیر کے سیٹیٹ سیکریٹری مظفر وانی اور کئی دیگر لیڈروں نے بھی خطاب کیا۔ ان لیڈروں نے بھی سماج پر منشیات کے پڑنے والے بُرے اثرات کو اُجاگر کیا۔

پولیسGong

*.......اب پیش ہیں پولیس کی عوام دوست اور منشیات مخالف سرگرمیوں سے متعلق خبریں۔

----Gong----

ڈرگ اننت ناگ

پولیس نے منشیات کے خلاف کارروائی کو جاری رکھتے ہوئے واگھامہ بجبہاڑہ کے ایک بد نام زمانہ ڈرگ سمگلر سجاد راتھر کی ایک کروڑ روپے مالیت کی جائیداد کو منہدم کر دیا ہے ۔
پولیس نے کہاہے کہ مذکورہ پیڈلر نے یہ جائیدادمنشیات سے حاصل کی گئی آمدن سے بنائی تھی ۔

اننت ناگ پولیس نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ منشیات سے متعلق کوئی بھی جانکاری پولیس کو دیں تاکہ سماج کو اس بدعت سے مکمل طور سے چھٹکارا دلایا جا سکے۔

کشمیر پولیس

پولیس نے اننت ناگ اور شوپیان اضلاع میں کئی مقامات پر غیر قانونی طور کاشت کی جا رہی خشخاش کو تباہ کر دیا۔

اُدھر پولیس نے سوپور میں منشیات مخالف کئی بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا۔

PCPGپولیس نے نشہ مکت ابھیان کے تحت بڈگام کے مختلف ضلعوں میں بیداری پروگراموں اور میٹنگوں کا انعقاد کیا۔

جموں پولیس

پونچھ پولیس نے نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت مختلف تعلیمی ادارونمیں منشیات مخالف پروگراموں کا انعقاد کیا۔

راجوری پولیس نے سلانی علاقے میں ایک ڈرگ سمگلر کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے۔

ادھمپور پولیس نے حاجی بستی سینک کالونی جموں کے رفیق احمد نامی ڈرگ سمگلر کی چالیس لاکھ روپے مالیت کی جائیداد کواٹیچ کر دیا ہے۔

سانبہ پولیس نے ریلوے اسٹیشن بڑی برہمنا کے نزدیک ایک ڈرگ سمگلر کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے ۔

پولیس نے بارہمولہ اور ہند واڑہ میں چار ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کرکے اُن کے قبضے سے کافی مقدار میں نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے۔

ملاقات

لیفٹنٹ جنرل بلبیر سنگھ نے آج لوک بھون سرینگر میں ایل جی منوج سنہا GOC ویں کور کے15 کے ساتھ ملاقات کی ۔

ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کونسل کپواڑہ کے سابق وائس چیرمین حاجی فاروق احمد میر بھی لیفٹنٹ گورنر سے سرینگرمیں ملاقی ہوئے۔

کشمیر روڈ سیفٹی فاؤنڈیشن کے ایک وفد نے اس کے چیرمین ناصر علی خان کی قیادت میں لیفٹنٹ گورنر سے ملاقات کی ۔

پورہ بڈگام سایمہ جان BK ممبرDDC جن دیگر شخصیات نے ایل جی سے ملاقات کی ۔ ان میں سابق ریفارم اینڈ ریہبلٹیشن فاؤنڈیشن شیخ عنایت اللہ اور سماجی کارکن صبا ءذوالقر نین شامل ہیں۔CEO،

عمر

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ حکومت ملازمین کو بہتر سہولیات دستیاب کرانے کی وعدہ بند ہے ۔ ان باتوں کا اظہار انہوں نے سمپیورہ پانپور میں سرکاری ملازمین کیلئے 90 کروڑ 65 لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیرکئے گئے 368 رہائشی یونٹوں کا افتتاح کرنے کے دوران کیا۔

بعد میں میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوننے کہاکہ اُردو کو نوکری کی اہلیت سے ڈراپ کرنے کی نکتہ چینی کرتے ہوئے کہاPDP کا کوئی منصوبہ نہیں ہے ۔ انہوں نے اس تعلق سے

...........CM...........

تعزیت

جموں میں ایک پل ڈھ جانے سے ہوئے قیمتی جانوں کے زیانپر Bantalab ایل جی منوج سنہا نے دکھ کا اظہار کیاہے ۔ اپنے پیغام میں انہوں نے غمزدہ کنبوں کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی ۔ انہوں نے ضلع انتظامیہ کو ہدایت دی کہ وہ متاثرہ کنبوں کو ہر ممکن مدد فراہم کریں۔

دریں اثنا وزیراعلیٰ نے بھی اس حادثے میں تین مزدوروں کے جاں بحق ہونے پر دکھ کا اظہارکیاہے۔

ایک تعزیتی پیغام میں وزیر اعلیٰ نے سوگوار وں کےساتھ تعزیت کی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی۔ انہوننے ہدایات دیں کہ اس حادثے کی وجوہات کا پتہ لگایاجا نا چاہئے ۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر یںآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن

-----Gong----

ریل

اب ریل سروس سے متعلق خبر

----Music----

وندے بھارت ایکسپریس نے آج جموں اور وادی کشمیر کے درمیان اپنی سروس کا باقاعدہ آغاز کر دیا ہے۔ ٹرین صبح 6 بج کر بیس منٹ پر جموں سے روانہ ہوئی، جو خطے میں ریل رابطے کو بہتر بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ اس ریل میں940مسافر سوار تھے جبکہ دوسری ریل میں995مسافروں نے جموں سے سرینگر کا سفر کیا۔

پہلی سروس میں سفر کرنے والے مسافروں نے اپنی خوشی کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی کا شکریہ ادا کیا۔ مسافروں نے اس لمحے کو تاریخی قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ جموں کشمیر کے لوگوں کے لیے آسانی اور بہتر رابطہ لے کر آئی ہے۔ توقع ہے کہ وندے بھارت ایکسپریس جموں و سرینگر کے درمیان رابطے کو مضبوط کرے گی۔واضح رہے کہ اس سروس کا افتتاح جمعرات کو ریلوے وزیر اشونی ویشنو نے کیا۔ انہوں نے ٹرین کو جموں و کشمیر کے لیے ایک بڑا سنگ میل قرار دیا۔

----Music----

خورشید گنائی

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ہاتھونسیمپورہ پانپور میں سرکاری ملازمین کیلئے تعمیر کئے گئے 368رہائشی یونٹوں کاافتتاح ۔

دی گروپ آف کنسرنڈ سٹیزن جموں کشمیر نے جموں اور سرینگرکے درمیان براہ راست ریل خدمات شروع ہونے کا خیر مقدم کیا ہے۔

GCC کے چیر مین اورسابق گورنر کے مشیر خورشید احمد گنائی نے ایک پریس بیان میں مطالبہ کیاہے کہ جموں سرینگر وندے بھارت ایکسپریس کیلئے اننت ناگ میں ایک ہالٹینگ اسٹیشن قائم کیاجانا چاہئے تاکہ جنوبی کشمیر کے لوگوں کے ساتھ ساتھ سیاحوں کو بھی راحت مل سکے ۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیرا علیٰ سریندر چودھری نے آج جمونمیننئے اسمبلی کمپلیکس اور کئی دیگر ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا ۔ اس دوران انہوں نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ نئے اسمبلی کمپلیکس سمیت بنیادی ڈھانچے کے دیگر ترقیاتی پروجیکٹوں کے معیار کو بر قرار رکھتے ہوئے ان کی بر وقت تکمیل کو یقینی بنائیں ۔

سکینہ ایتو

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے آج زمبل ناڈ کولگام میں تعمیر کی گئی نئی پرائمری سکول عمارت کا افتتاح کیا۔

اس موقعے پر خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوفہ نے کہا کہ شعبہ تعلیم موجودہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور تعلیم کے بنیادی ڈھانچے نیز معیار تعلیم میں بہتر ی لانے کےلئے ہر ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

بعد میں سکینہ ایتو نے زمبل ناڈ۔ بیڈجہالن سڑک کا بھی سنگ بنیاد رکھا۔ بعد میں میڈیا کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوننے کہا۔

------Sakeena------

رانا

جل شکتی کے وزیر جا وید احمد رانا سے آج جموں میں کئی وفود ملاقی ہوئے اور انہیں اپنی اپنی مسائل سے روشناس کرایا ۔ انہوننے لوگوں کو یقین دلایا کہ اُجاگر کئے گئے تمام مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔

نومان شاہ

سرینگر کے لالبازار علاقے سے تعلق رکھنے والے نومان شاہ اور دیگر طلباءپر مشتمل ٹیم نے کرناٹک میں منعقد کئے گئے سٹیٹ لیول ہیکاتھن میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کر تے ہوئے مجموعی طور پر تیسری پوزیشن حاصل کی ہے۔ اس ہیکاتھن میں140 کالجوں سے تعلق رکھنے والے طلباءنے شرکت کی۔

اس اہم کامیابی کے بارے میں نومان شاہ نے بنگلورو سے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

------Numan Shah------

سیاسیGong

*........اب پیش ہیں مختلف سیاسی جماعتوں کی سرگرمیوں سے متعلق خبریں۔

----Gong----

NC

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے پریس کی آزادی کے عالمی دن کے سلسلے میں اپنے پیغام میں کہا کہ انکی پارٹی نے روزِ اول سے ہی پریس کی آزادی کو یقینی بنانے کےلئے کام کیا۔

انہوننے کہا کہ صحافی برادری پچھڑے طبقوں کی آواز بن کر ان کے معیار حیات میں بہتری لانے میں اہم رول ادا کرتے ہیں۔

دریں اثناءپارٹی کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے پارٹی ہیڈ کواٹر بلاک برین کے کارکنوں سے خطاب کر تے ہوئے کہا کہ موجودہ سرکار لوگوں کی راحت رسانی اور تمام شعبوں کی ترقی کو یقینی بنانے کےلئے تندہی سے کام کر رہی ہے۔ انہوننے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ لوگوں کے ساتھ رابطہ بنائے رکھے۔

اُدھر نیشنل کانفرنس خواتین ونگ کی صدر شمیمہ فردوس نے اپنے حلقے کا دورہ کر کے وہاں لوگوں کے مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔

ست شرما

بی جے پی جموں وکشمیر کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما نے آج پارٹی ہیڈ کواٹر جموں شعبوں کی ایک میٹنگ منعقد کی۔ ست شرما نے اس موقعے پر کہا کہ IT میں سو شل میڈیا اور وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں بی جے پی نے ملک میں ٹیکنالوجی، شفافیت اور عوام دوست حکمرانی کے عمل کو بروئے کار لاتے ہوئے ایک مثبت بدلاؤ لایا۔

اس موقعے پر بی جے پی جمونو کشمیر کی جنرل سیکریٹری سنجیتا ڈوگرہ اور کئی دیگر لیڈر بھی موجود تھے۔

شاہین

جنتا دل یونائٹیڈ جمونوکشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے بقول ان کے وادی میں سڑکوں کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔

ایک بیان میں انہوننے کہا کہ سرینگر جموں قومی شاہراہ پر آئے دن پسیاں گر آنے سے رکاوٹیں کھڑا ہو جا تی ہیں۔ انہوننے کہا کہ شاہراہ بند ہونے سے اس خطے کے سیاحتی اور اقتصادی منظر نامے پر منفی اثرات مرتب ہو تے ہیں۔

ووشو یونیورسٹی

کشمیر یونیورسٹی میں ایسو سی ایشن انڈین یونیورسٹیز کی طرف سے 4سے9مئی تک آل انڈیاانٹر یونیورسٹی ووشو چمپئن شپ 2026کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔

جموں کشمیر کے لیفٹنٹ گورنر جو کشمیر یونیورسٹی کے چانسلر بھی ہیں اس چمپئن شپ کا افتتاح کریں گے اور ان مقابلوں میں ملک بھر سے تعلق رکھنے والی 195یونیورسٹیوں سے تعلق رکھنے والے1ہزار5سو اتھلیٹ اور3سو اہلکار شرکت کر رہے ہیں۔

سکاسٹ

شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر کی طرف سے آجHADPرورل سٹوڈنٹ کے تحت Exploration-پروگرام کی شروعات کی

اس موقعے پر یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی نے کہا کہ اس پروگرام کا بنیادی مقصد زرعی شعبے کے جدید سائنسی طور طریقوں اور روایتی طور طریقوں میں تفاوتوں کو کم کرنا ہے تاکہ یونیورسٹی کے طلباءکے ساتھ ساتھ عام کسانوں کو بھی فائدہ مل سکے۔

اعجاز بٹ

ڈائریکٹر سریکلچر اعجاز احمد بٹ نے آج سرینگر میں وادی کے مختلف ضلعوں سے تعلق رکھنے والے کِرم کشوں میں بیج کی ایک اور کھیپ تقسیم کی۔ اس سلسلے میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کر تے ہوئے ڈائریکٹر نے کہا کہ محکمہ سریکلچر صنعت کو دوام بخشنے کےلئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے۔

پے کمیشن

آٹھواں مرکزی پے کمیشن یکم جون سے 4جون تک سرینگر کا دورہ کرے گا۔اس سلسلے میںپے کمیشن کے ڈائریکٹر کی جانب سے ایک نوٹفکیشن جاری کیا گیا ہے جس میںمتعلقین سے کہا گیا ہے کہ وہ رواں مہینے کی 16 تاریخ تک یاداشت اور ملاقات کے لئے اپنی درخواستیں کمیشن کی ویب سائٹ 8cpc.gov.in پر آن لائن جمع کریں۔

متعلقین سے یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہ آن لائن میمورنڈم جمع کرانے کے بعد حاصل ہونے والا "Unique Memo ID" اپنی درخواست کے ساتھ اٹیچ کریں۔

Alert

مرکزی سرکار نے ملک کے شہریوں کیلئے ناگہانی آفات سے متعلق ہر وقت Alerting سروس شروع کی ہے۔ یہ سروس اندروان ملک ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے سیل براڈ کاسٹ سسٹم کے ذریعے سے شروع کی گئی ہے ۔

اس سلسلے کی ایک کڑی کے تحت آج دوپہر تمام شہریوں کے موبائیل فونز پر ایک نوٹیفکیشن اور سائرن الراٹ بھیجا گیا ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کیمونکیشنز کے مرکزی وزیر جوتی رادتیہ سندھیا نے کہا کہ اگر لوگ اپنے موبائیل فونز پر اس طرح کی مسیج حاصل کرتے ہیں تو انہیں گھبرانے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیرمیں اگلے 24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت26ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت10 اعشاریہ6ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 36ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 21اعشاریہ8 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 40منٹ اور

غروب آفتاب شام7 بجکر16منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ۔

......................................

..................

.........